## عوام کے مسترد کردہ ٹولے اے پی ڈی ایم کو لاکھوں عوام کی منتخب جماعت ایم کیو ایم پر انگلی اٹھاتے ہوئے شرم آنی چاہیے۔رابطہ کمیٹی

## سب سے بڑے دہشت گرد تو اے پی ڈی ایم کی صفوں میں بیٹھے ہیں جنکے بین الاقوامی دہشت گرد تنظیم القاعدہ سے گہرے روابط ہیں

کراچی۔۔۔14مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے APDM کی جانب سے ایم کیو ایم پر دہشت گردی کا بہتان لگانے اور ایم کیو ایم پر پابندی عائد کرنے کے مطالبہ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کے مسترد کردہ ٹولے کو پاکستان کے لاکھوں عوام کی منتخب جماعت پر انگلی اٹھاتے ہوئے شرم آنی چاہیے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم نہ تو سرکاری ایجنسیوں کے گملوں میں پیدا ہونے والا کوئی پودا ہے اور نہ ہی کوئی کاغذی تنظیم بلکہ ملک کی تیسری بڑی عوامی جماعت ہے جسے لاکھوں عوام کی بھرپور حمایت حاصل ہے اور اس کی ملک گیر عوامی تائید و حمایت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے لیکن وہ متعصب عناصر جنہیں عوام بار بار مسترد کرتے آئے ہیں اور جن کی عوام میں کوئی وقعت نہیں ہے انہوں نے ایم کیو ایم پر الزامات اور بہتان لگانا اپنا وطیرہ بنا رکھا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اے پی ڈی ایم نامی ٹولے نے حالیہ انتخابات کا بائیکاٹ کیا تھا اور عوام سے انتخابات کا بائیکاٹ کرنے کی اپیل کی تھی لیکن عوام نے اس ٹولے کو مسترد کرتے ہوئے انتخابات میں بھرپور حصہ لیا اس طرح 18فروری کا انتخابات دراصل اے پی ڈی ایم کے خلاف عوام کا فیصلہ تھا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عوام کے اس مسترد کردہ ٹولے کی جانب سے ایم کیو ایم پر پابندی کا مطالبہ نہ صرف انتہائی شرمناک ہے بلکہ یہ مطالبہ ایم کیو ایم کو اپنا مینڈیٹ دینے والے لاکھوں عوام سے اس مسترد کردہ ٹولے کی شدید نفرت،تعصب اور شاؤنزم کا کھلا مظاہرہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جہاں تک ایم کیو ایم پر دہشت گردی کے الزام کا تعلق ہے تو سب سے بڑے دہشت گرد تو اے پی ڈیم کی صفوں میں بیٹھے ہیں جنکے بین الاقوامی دہشت گرد تنظیم القاعدہ سے گہرے روابط ہیں اور جن کے گھروں سے القاعدہ کے نامی گرامی دہشت گرد گرفتار ہوئے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا بچہ بچہ جانتا ہے کہ جماعت اسلامی نے نہ صرف القاعدہ کی حمایت کی اور خودکش حملوں پر کھل کر مذمت سے گریز کیا بلکہ القاعدہ کے متعدد رہنماؤں کی گرفتاری جماعت اسلامی کے رہنماؤں کے گھروں سے عمل میں آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ اے پی ڈی ایم نامی ٹولہ کا مقصد اور سیاست صرف نفرت،تعصب اور ملک میں انتشار اور تصادم کی فضا پیدا کرنا ہے اور اصل میں ایسے جمہوریت دشمن عناصر کا احتساب کیا جانا چاہیئے۔

## یو بی ایل کی انتظامیہ کی جانب سے ملازمین پر ریٹائرمنٹ لینے کیلئے دباؤ ڈالنے کا نوٹس لیا جائے،لیبر ڈویژن

## انتظامیہ کے ظالمانہ رویئے اور دباؤ کے باعث ایک محنت کش کو دل کا دورہ پڑ چکا ہے

کراچی۔۔۔14مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈینیشن کمیٹی کے انچارج و اراکین نے یونائیٹڈ بنک لمیٹڈ کی انتظامیہ کی جانب سے ملازمین پر ریٹائرمنٹ لینے کیلئے دباؤ ڈالنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں لیبر ڈویژن نے کہا کہ گزشتہ چند دنوں سے انتظامیہ یو بی ایل ملازمین کو بلا کر ان پر دباؤ ڈال رہی ہے کہ وہ اپنی ریٹائرمنٹ لے لیں بصورت دیگر ان کو جبری طور پر فارغ کر دیا جائے گا اور جبراً طور پر ملازمت سے نکالے جانے کی صورت میں ملازمین کو کوئی فائدہ بھی نہیں ملے گا۔انہوں نے کہا کہ یو بی ایل کی انتظامیہ ایک جانب ملازمین پر ریٹائرمنٹ کیلئے ناجائز دباؤ ڈال رہی ہے اور دوسری جانب یہ دھمکیاں بھی دے رہی ہے کہ جو ملازم بی انتظامیہ کی بات نہیں مانے گا اس کا پاکستان میں دور دراز مقام پر تبادلہ کر دیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ یو بی ایل کی انتظامیہ کے ظالمانہ رویئے کے باعث ایک ملازم دل کو دل کا دورہ پڑ چکا ہے جو اس وقت تشویشناک حالت میں مقامی اسپتال میں زیر علاج ہے۔انہوں نے کہا کہ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈینیشن کمیٹی کے انچارج و اراکین نے صدر مملکت جنرل پرویز مشرف اور وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ یو بی ایل کی انتظامیہ کی جانب سے ملازمین کے ساتھ ظالمانہ سلوک کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس سلسلے میں انتظامیہ سے باز پرس کی جائے بصورت دیگر ملازمین اپنا احتجاج ریکارڈ کرانے کیلئے تمام قانونی راستے اختیار کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

## اعجاز ہارون کی PIA کا نیا مینیجنگ ڈائریکٹر مقرر ہونے پر ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی کوآرڈی نیشن کمیٹی کی مبارکباد

کراچی۔۔14 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی لیبر ڈویژن کی کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ارکان اعجاز ہارون کو پی آئی اے کا نیا مینیجنگ ڈائریکٹر مقرر ہونے پر مبارکباد دی ہے۔اپنے تہنیتی بیان میں لیبر ڈویژن کے ارکان نے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ اعجاز ہارون PIA کی ترقی اور ملازمین کے مسائل کے حل کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔

## پاکستان میں متعین جاپانی سفیر Seije Kojima کی ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

اسلام آباد۔۔۔14 مئی 2008ء

پاکستان میں متعین جاپانی سفیر سیجی کوجیما (Seije Kojima) نے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر وقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی۔اس موقع پر حق پرست اراکین قومی اسمبلی سید طیب حسین اور فوزیہ اعجاز بھی موجود تھیں۔ملاقات میں پاکستان اور جاپان کے تعلقات، پاکستان میں جمہوریت کے مستقبل اور مضبوط و مستحکم اور پائیدار جمہوری نظام، پاکستان کی موجودہ سیاسی ومعاشی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ڈاکٹر فاروق ستار نے جاپانی سفیر سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں مہنگائی، خاص طور پر عالمی سطح پر پٹیرولیم کی مصنوعات کی قیمتوں میں ہونے والے ہوشربا اضافے نے عوام کی مشکلات میں کئی گناہ اضافہ کردیا ہے اوران تمام چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے پاکستان میں علاقائی اور ملکی استحکام ناگزیر ہے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے کارکن نوید تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج

اسلام آباد۔۔۔14 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے کارکن نوید عرف جو جی ولد محمد داؤد کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ نوید عرف جو جی ولد داؤد سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں اور تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کریں۔

## عبدالحسیب اور خواجہ سہیل نے پاک کالونی کے شہداء کے گھر جاکر سوگواران سے ملاقاتیں کیں

کراچی۔۔۔14 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر برائے محکمہ اوقاف عبدالحسیب اور حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل نے بدھ کے روز اپنے حلقہ انتخاب پاک کالونی سے تعلق رکھنے والے تمام حق پرست شہداء کے گھروں پر جاکر شہداء کے سوگوار لواحقین سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی۔وہ کچھ دیر سوگواران کے ساتھ رہے اورانہوں نے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔بعدازاں انہوں نے شہداء کی مغفرت،ان کے بلند درجات اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔اس موقع پر ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کمیٹی اور یونٹ کمیٹیوں کے ارکان بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆